COVID-19 ویکسینوں کو سمجھنا

COVID-19 کی تین ویکسینیوں – مصنوعہ Pfizer-BioNTech، Moderna اور Johnson & Johnson/Janssen – کو امریکی فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن (U.S. Food and Drug Administration, FDA) نے استعمال کی منظوری دی ہے۔
یہ تینوں محفوظ ہیں اور لوگوں کو COVID-19 کی شدید بیماری، ہسپتال میں داخل ہونے اور موت سے محفوظ رکھنے میں بہت مؤثر ہیں۔ آپ جتنی جلدی ویکسین لگوا لیں گے، اتنی جلدی محفوظ ہو جائیں گے!

	Pfizer
یہ کس قسم کی ویکسین ہے؟	میسنجر RNA (mRNA)۔ mRNA ویکسینوں کے متعلق جاننے کے لیے **mRNA پر مبنی COVID-19 ویکسینیں کس طرح کام کرتی ہیں** کا مطالعہ کریں۔
مجھے اس کی کتنی خوراکیں درکار ہیں۔	دو۔ آپ کو دوسری خوراک آپ کی پہلی خوراک کے 21 دن بعد لگنی چاہیے، لیکن اپنی دوسری خوراک ضرور لگوا لیں چاہے جتنا بھی وقت گزر چکا ہو۔
کلینیکل ٹرائلز میں کتنے افراد تھے؟	44,000 سے زیادہ
کلینیکل ٹرائلز کہاں کیے گئے؟	امریکہ، ارجنٹینا، برازیل، جرمنی، ترکی او جنوبی افریقہ
کلینکل ٹرائلز میں کون شامل تھا؟	• 10% سیاہ فام تھے • 26% لاطینی تھے • 4% ایشیائی تھے • 21% کی عمر 65 سال یا اس سے زائد تھی • 46% کو بنیادی صحت کا کوئی عارضہ لاحق تھا
کیا یہ ویکسین مرض کی تبدیل شدہ شکلوں کے خلاف مؤثر ہے؟	توقع ہے کہ ویکسین آج تک شناخت کی گئی مرض کی تبدیل شدہ شکلوں سے حفاظت فراہم کرے گی، لیکن ہو سکتا ہے کہ یہ تحفظ مرض کی کچھ تبدیل شدہ شکلوں کے خلاف اتنا مستحکم نہ ہو۔
کیا مجھے مستقبل میں مزید خوراکوں کی ضرورت پڑے گی؟	اس وقت ہمیں معلوم نہیں ہے
ویکسین مکمل مؤثر کب ہو گی؟	آپ کو دوسرا ٹیکہ لگنے کے دو ہفتے بعد
ممکنہ ضمنی اثرات کیا ہیں؟	آپ کے جس بازو پر ٹیکہ لگا تھا اس میں سوزش یا سوجن، سر درد، جسم میں درد، تھکاوٹ اور بخار سب سے زیادہ عام ہیں۔ ضمنی اثرات دوسری خوراک کے بعد زیادہ عام ہیں اورضعیف افراد میں کم عام ہیں۔
یہ ویکسین کون لگوا سکتا ہے؟	12 سال یا اس سے زیادہ عمر کے افراد
کس کو یہ ویکسین نہیں لگوانی چاہیے؟	• جن لوگوں کو پہلا ٹیکہ لگوانے کے بعد اس ویکیسن کے اجزاء میں سے کسی چیز سے شدید یا فوری الرجی کا رد عمل ہوا ہو • کچھ افراد جن کو ماضی میں کسی ویکسین یا ٹیکے کے ذریعے دی جانے والی دوا سے الرجی کا رد عمل رہا ہو (اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کر کے معلوم کریں کہ آپ Pfizer ویکسین لگوا سکتے ہیں یا نہیں)
اس ویکسین میں کیا ہے؟	mRNA، روغنیات، نمکیات اور شکّر۔ اجزاء کی مکمل فہرست کے لیے **FDA کا حقائق نامہ** ملاحظہ کریں۔

NYC VACCINE FOR ALL: SAFE, FREE, EASY

NYC Health

	Moderna
یہ کس قسم کی ویکسین ہے؟	میسنجر RNA (mRNA)۔ mRNA ویکسینوں کے متعلق جاننے کے لیے **mRNA پر مبنی COVID-19 ویکسینیں کس طرح کام کرتی ہیں** کا مطالعہ کریں۔
مجھے اس کی کتنی خوراکیں درکار ہیں؟	دو۔ آپ کو دوسری خوراک آپ کی پہلی خوراک کے 28 دن بعد لگنی چاہیے، لیکن اپنی دوسری خوراک ضرور لگوا لیں چاہے جتنا بھی وقت گزر چکا ہو۔
کلینیکل ٹرائلز میں کتنے افراد تھے؟	30,000 سے زیادہ
کلینیکل ٹرائلز کہاں کیے گئے؟	امریکہ
کلینکل ٹرائلز میں کون شامل تھا؟	• 10% سیاہ فام تھے • 20% لاطینی تھے • 5% ایشیائی تھے • 25% کی عمر 65 سال یا اس سے زائد تھی • 22% کو بنیادی صحت کا کوئی عارضہ لاحق تھا
کیا یہ ویکسین مرض کی تبدیل شدہ شکلوں کے خلاف بھی مؤثر ہے؟	توقع ہے کہ یہ ویکسین آج تک شناخت کی گئی مرض کی تبدیل شدہ شکلوں سے حفاظت فراہم کرے گی، لیکن ہو سکتا ہے کہ یہ تحفظ مرض کی کچھ تبدیل شدہ شکلوں کے خلاف اتنا مستحکم نہ ہو۔
کیا مجھے مستقبل میں مزید خوراکوں کی ضرورت پڑے گی؟	اس وقت ہمیں معلوم نہیں ہے
یہ ویکسین مکمل مؤثر کب ہو گی؟	آپ کو دوسرا ٹیکہ لگنے کے دو ہفتے بعد
ممکنہ ضمنی اثرات کیا ہیں؟	آپ کے جس بازو پر ٹیکہ لگا تھا اس میں سوزش یا سوجن، سر درد، جسم میں درد، تھکاوٹ اور بخار سب سے زیادہ عام ہیں۔ ضمنی اثرات دوسری خوراک کے بعد زیادہ عام ہیں اورضعیف افراد میں کم عام ہیں۔
یہ ویکسین کون لگوا سکتا ہے؟	18 سال یا اس سے زیادہ عمر کے افراد
کس کو یہ ویکسین نہیں لگوانی چاہیے؟	• جن لوگوں کو پہلا ٹیکہ لگوانے کے بعد اس ویکیسن کے اجزاء میں سے کسی چیز سے شدید یا فوری الرجی کا رد عمل ہوا ہو • کچھ افراد جن کو ماضی میں کسی ویکسین یا ٹیکے کے ذریعے دی جانے والی دوا سے الرجی کا رد عمل رہا ہو (اپنے نگھداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کر کے معلوم کریں کہ آپ Moderna ویکسین لگوا سکتے ہیں یا نہیں)
اس ویکسین میں کیا ہے؟	mRNA، روغنیات، نمک، ایسٹک ایسڈ، امونیا کے مرکبات (امائینز) اور شکّر۔ اجزاء کی مکمل فہرست کے لیے **FDA کا حقائق نامہ** ملاحظہ کریں۔



	Johnson & Johnson
یہ کس قسم کی ویکسین ہے؟	اڈینووائرس ویکٹر۔ اڈینو وائرس ویکٹر ویکسینوں کے متعلق جاننے کے لیے **Johnson & Johnson COVID-19 ویکسین کس طرح کام کرتی ہے** کا مطالعہ کریں۔
مجھے اس کی کتنی خوراکیں درکار ہیں؟	ایک
کلینیکل ٹرائلز میں کتنے افراد تھے؟	40,000 سے زیادہ
کلینیکل ٹرائلز کہاں کیے گئے؟	امریکہ، ارجنٹینا، برازیل، چلی، کولمبیا، میکسیکو، پیرو اور جنوبی افریقہ
کلینکل ٹرائلز میں کون شامل تھا؟	• 19% سیاہ فام تھے • 45% لاطینی تھے • 3% ایشیائی تھے • 20% کی عمر 65 سال یا اس سے زائد تھی • 41% کو بنیادی صحت کا کوئی عارضہ لاحق تھا
کیا یہ ویکسین مرض کی تبدیل شدہ شکلوں کے خلاف مؤثر ہے؟	توقع ہے کہ یہ ویکسین آج تک شناخت کی گئی مرض کی تبدیل شدہ شکلوں سے حفاظت فراہم کرے گی، لیکن ہو سکتا ہے کہ یہ تحفظ مرض کی کچھ تبدیل شدہ شکلوں کے خلاف اتنا مستحکم نہ ہو۔
کیا مجھے مستقبل میں مزید خوراکوں کی ضرورت پڑے گی؟	اس وقت ہمیں معلوم نہیں ہے
یہ ویکسین مکمل مؤثر کب ہو گی؟	آپ کو ٹیکہ لگنے کے دو ہفتے بعد
ممکنہ ضمنی اثرات کیا ہیں؟	• آپ کے جس بازو پر ٹیکہ لگا تھا اس میں سوزش یا سوجن، سر درد، جسم میں درد، تھکاوٹ اور بخار سب سے زیادہ عام ہیں۔ ضمنی اثرات عمر رسیدہ افراد میں کم عام ہیں۔ • ایک نایاب قسم کے خون کے لوتھڑے کا بہت ہی کم خطرہ موجود ہے۔ مزید معلومات کے لیے **Johnson & Johnson/Janssen کی COVID-19 ویکسین کے متعلق تازہ ترین معلومات** کا مطالعہ کریں۔
یہ ویکسین کون لگوا سکتا ہے؟	18 سال اور اس سے زیادہ عمر کے افراد
کس کو یہ ویکسین نہیں لگوانی چاہیے؟	• جن لوگوں کو اس ویکیسن کے اجزاء میں سے کسی چیز سے شدید یا فوری الرجی کا رد عمل ہوا ہو • کچھ افراد جن کو ماضی میں کسی ویکسین یا ٹیکے کے ذریعے دی جانے والی دوا سے الرجی کا رد عمل رہا ہو (اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے بات کر کے معلوم کریں کہ آپ Johnson & Johnson ویکسین لگوا سکتے ہیں یا نہیں)
اس ویکسین میں کیا ہے؟	اڈینووائرس، نمکیات، الکھول جات، پولی سوربیٹ 80، ہائیڈروکلورک ایسڈ اور امینو ایسڈز۔ اجزاء کی مکمل فہرست کے لیے FDA کا حقائق نامہ ملاحظہ کریں۔

مزید معلومات کے لیے **nyc.gov/covidvaccine** ملاحظہ کریں۔